# مطالعہ کرنے میں اپنے بچے کی مدد کرنا

## والدین اور کیئررز کے لیے اہم باتیں

اپنے بچے کے ساتھ مل کر مطالعہ کرنا آپ کو اکٹھا ہونے کے لیے خصوصی وقت فراہم کرتا ہے اور یہ آپ کے بچے کی زبان کی مہارت اور تخیل کو فروغ دینے میں مدد دیتا ہے، یہ خوشگوار یادوں کو زندہ کرتا ہے اور زندگی بھر مطالعہ کرنے کا شوق پیدا کرتا ہے۔

**میں مطالعہ کرنے میں اپنے بچے کی کس طرح مدد کر سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ کا بچہ اسکول سے عموماً دو کتابیں لے کر گھر آئے گا۔ آپ کا بچہ ایک کتاب آپ کو پڑھ کر سنائے گا۔ ٹیچر نے اس کا انتخاب احتیاط کے ساتھ کیا ہے تاکہ آپ کا بچہ تمام الفاظ پڑھ سکتا ہو۔ اس سے اس کو مطالعہ کرنا سیکھنے میں مدد ملے گی۔

دوسری کتاب، جو کہ بلند آواز سے پڑھی جانے والی کتاب ہے اس میں ایسے الفاظ موجود ہیں جو آپ کا بچہ ابھی تک ادا نہیں کر سکتا۔ یہ کتاب آپ کے لیے ہے تا کہ آپ اس کو اپنے بچے کے ساتھ مل کر پڑھیں، لطف اندوز ہوں اور اُس کے بارے میں بات کریں۔

**آپ اپنے بچے کو کس انداز سے کہانی پڑھ کر سناتے ہیں اس سے واقعی میں مدد ملتی ہے۔**

اگر آپ پہلے ہی سے وقت نکال سکتے/سکتی ہوں تو پہلے خود سے بلند آواز میں پڑھی جانے والی کتاب کو پڑھیں تاکہ آپ کو پتا چل سکے کہ آپ اسے اپنے بچے کے ساتھ کیسے پڑھیں گے۔

**اپنی پسندیدہ کہانیوں کو بار بار پڑھیں اور لطف اندوز ہوں!**

اور .... اپنی مقامی لائبریری کا ویزٹ کرنا نہ بھولیں جہاں پر آپ کو بچوں کے لیے بہت سی کتابیں اور ہر ایک کے لیے مفت تقریبات اور سرگرمیوں کے بارے میں ایک دلچسپ پروگرام ملے گا۔ لائبریری کی سروس ایک مفت سروس ہے؛ مفت میں شامل ہو سکتے ہیں، کتابیں ادھار لینے کے لیے مفت ہیں اور کتابوں کی دیر سے واپسی پر کوئی چارج نہیں لیا جاتا۔

# جب آپ پہلی بار اپنے بچے کے ساتھ کتاب کا مطالعہ کریں...

اس کو ایک پرسُرور اور خاص وقت تصور کریں؛ اپنے بچے کو گلے لگائیں تاکہ آپ دونوں کتاب دیکھ سکیں۔

پہلی بار بہت زیادہ دیر تک رکے بغیر پوری کہانی پڑھ لیں۔ کہانی کو اپنا جادوائی اثر ڈالنے دیں۔

آپ جو کچھ پڑھنے جا رہے ہیں اس کے بارے میں تجسس کا اظہار کریں: 'یہ کتاب دلچسپ لگتی ہے۔ یہ ایک غیر ذِمّہ دار بچے کے بارے میں ہے۔ وہ جس بات کو بھول جاتا ہے میں اس کے بارے میں حیران ہوں...'

پر سُرور انداز سے مطالعہ کریں۔ اگر آپ اس سے لطف اندوز نہیں ہوں گے تو آپ کا بچہ بھی نہیں ہو گا۔

# اگلی بار جب آپ کتاب کا مطالعہ کریں گے تو...

اپنے بچے کو وقفہ لینے دیں، اس کو سوچنے دیں اور تصویروں پر تبصرہ کریں۔

کہانیوں کو دیگر کہانیوں کے ساتھ جوڑیں جو آپ کا بچہ جانتا ہو: 'آہ! کیا آپ کو.... میں رہنے والا ڈریگن یاد ہے؟ تمہیں یاد ہے اس کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا تھا؟'

اگر آپ کو لگتا ہو کہ آپ کے بچے کو کچھ سمجھ نہیں آیا تو اس کو سمجھانے کی کوشش کریں: 'آہ! میرے خیال میں جو کچھ یہاں پر ہو رہا ہے وہ...'

اپنے بچے کو ان واقعات میں شامل ہونے کی ترغیب دیں جن کو وہ جانتے ہوں۔

کہانی اور تصاویر کے بارے میں بات کریں:
'میں حیران ہوں کہ اس نے ایسا کیوں کیا تھا؟'؛
'اوہ نہیں، مجھے امید ہے کہ وہ... نہیں جا رہی؛'
'میں نے ایسا نہیں کرنا تھا، کیا آپ نے ایسا کرنا تھا؟'

یہ جانچنے کے لیے سوالات پوچھنے سے گریز کریں کہ آپ کے بچے کو کیا یاد رہتا ہے۔

کہانیوں کو اپنے مشترکہ تجربات کے ساتھ جوڑیں: 'یہ مجھے یاد دلاتا ہے کہ جب...'

بچوں کو یہ بتانے سے گریز کریں کہ ان کے لیے کہانیاں پڑھنا اچھا ہے۔

مزید معلومات کے لیے
مجھے اسکین کریں!

Leeds Libraries

Leeds CITY COUNCIL

we are child friendly Leeds

Urdu